آغا غیاث الرحمن انجم

زبان میری ہے بات ان کی

○ تین سال میں بے روزگاری دفن کر دیں گے"۔ (وزیر اعلیٰ پنجاب)
سیاسی گورکن۔ کفن دفن کی تیاری کریں۔

○ سندھ اسمبلی کے سابق ڈپٹی سپیکر عبدالرزاق خاں مسلم لیگ میں شامل ہو گئے۔ (ایک خبر)
آدمی سمجھدار اور وقت شناس معلوم ہوتے ہیں۔

○ بلغراد چڑیا گھر کے جانور بمباری سے آدھ گھنٹہ پہلے شور مچانے لگتے ہیں" (ایک خبر)
انسان بے حس اور جانور حساس ہو گئے ہیں۔

○ ریلوے بھی فوج کے حوالے کرنے کا فیصلہ ہو گیا" (ایک خبر)
ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں

○ حکمرانوں سے لوٹی ہوئی دولت کا حساب لیں گے۔ (سردار فاروق احمد خان لغاری)
لیکن بلی کے گلے میں گھنٹی کون باندھے گا۔

○ لاہور میں وزیر کے بیٹے نے جج اور ایم۔پی۔اے کے بیٹوں کی پٹائی کردی" (ایک خبر)

"ان شریفوں کا وزیروں پہ ابھی تکیہ ہے
ان شریفوں" کی ابھی اور پٹائی ہو گی

○ جڑانوالہ میں امام مہدی ہونے کا دعویٰ کرنے والے آئی سرجن کو دماغی امراض کے ہسپتال میں داخل کروا دیا گیا" (ایک خبر)
آئی سرجن کا تعلق تو آنکھ سے ہے۔ دماغ کیسے خراب ہو گیا۔

○ عالمی منڈی میں تیل سستا ہو رہا ہے۔ پاکستانی حکومت مہنگا کر کے خزانہ بھر رہی ہے" (وائس آف امریکہ)
پچھلی حکومت نے خزانہ خالی کیا۔ موجودہ حکومت بھر رہی ہے۔

○ ہم نے پہلے کمیشن کھایا۔ نہ آج سوچ سکتے ہیں۔ (میاں محمد نواز شریف)
ہم تو صرف قلچہ، سری پائے اور ہریسہ وغیرہ کھانے کے شوقین ہیں۔

○ ڈاکٹروں کی غفلت کی وجہ سے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال ڈیرہ غازی خان میں صحافی کی موت"

(ایک خبر)

پرائیویٹ فیس دے کر ہسپتال میں داخلہ لیا جاتا تو غفلت ہر گز نہ ہوتی۔

○ پولیس لائن ملتان سے پانچ سائیکل چوری" (ایک خبر)

جو اپنی حفاظت کر نہ سکیں

سائیکل کو بچانا کیا جانیں

○ "صدر کے رشتے دار ہیں"۔ پولیس نے دھمکیاں دینے والے تین ڈاکوؤں کو پکڑ لیا۔ (ایک خبر)

صدر کے رشتے دار نہ بنتے ہوتے مکا ہو جاتا۔

○ جسے پولیس اہلکاروں سے شکایت ہو۔ سیدھا میرے پاس آئے۔ (ایس۔ پی ٹریفک لاہور)

واپسی پر ٹیڑھا نہ ہونے کی ضمانت کون دے گا؟

○ بے نظیر کی نا اہلی کے خلاف پیپلز پارٹی کی خاتون کارکنوں کی احتجاجی "بھوک ہڑتال" (ایک خبر)

آئندہ الیکشن تک معدہ صاف اور کچھ ہضم کرنے کے قابل ہو جائے گا۔

○ بیورو کریسی نے ارکانِ پارلیمنٹ کا منہ کالا کرنے کا ٹھیکہ لے رکھا ہے"۔ (سیکرٹری پارلیمانی امور سید ظفر علی شاہ)

یہ ٹھیکہ منسوخ کیا جانے۔ کیونکہ کالک پر کالک ملنے کا کوئی فائدہ نہیں۔

○ تمام ہسپتالوں کو خود مختاری دی جا رہی ہے۔ پہلے ۲۴ گھنٹوں کے لئے ہر آنے والے مریض کو بالکل مفت طبی امداد دی جائی گی" (ایک خبر)

اس طرح مریض کی جیب خالی کرنے اور اس کی کھال اتارنے میں بہت آسانی ہو جائیگی۔

○ حکمرانوں نے ہمارے ہر اچھے کام پر پانی پھیر دیا (بے نظیر)

حکمران احتیاط کریں۔ پانی کی بجائے سہاگہ پھیریں۔

○ سینئر سول جج شیخوپورہ مجاہد مستقیم نے پھٹا پرچم لگانے پر تھانہ شیخوپورہ کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا"۔ (ایک خبر)

ملک کے ٹوٹے دل۔ پھٹے پرانے کپڑے پہنے ان گنت خالی پیٹ انسانوں پر بھی نظر کرم کیجیے۔